© rasailojaraid.com



بالکل آسان کر دیا ہے، اس لیے انھیں مصنف کا احسان مند ہونا چاہیے (م - س) -

**Muhammad (peace be upon him) in his own words**، مرتبہ: غوث محی الدین۔ ملنے کا پتا: اے ۹۶، بلاک ۱۳ ڈی، گلشن اقبال، کراچی۔ صفحات: ۲۸۔ قیمت: ۱۵ روپے۔

مختلف کتب احادیث سے ۸۹ / احادیث کا یہ مجموعہ، مرتب نے ۵۰۰ گھنٹے کی محنت سے منتخب کیا ہے تا کہ آج کے مسائل کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام آج کے لوگوں کو کسی واسطے کے بغیر پہنچایا جائے۔ ۱۔ ایمان و عمل ۲۔ دوسروں کا خیال ۳۔ نیکی اور ۴۔ معاشرتی رویے کے چار عنوانات کے تحت تمام احادیث کی سند اور انگریزی زبان کی صحت کا غیر معمولی اہتمام کیا گیا ہے اور ان افراد کے نام دیے گئے ہیں جنھوں نے بطور گروپ اس کام میں مرتب کی مدد کی۔ یہ انتخاب بنیادی طور پر رسولؐ اللہ سے ناواقف بلکہ غلط معلومات اور تعصب کے شکار مغربی ممالک کے عوام کے لیے، ایک بہ زبان خود تعارف کی حیثیت رکھتا ہے۔ لیکن مسلمانوں کے لیے بھی اس کی افادیت بطور تذکیر مسلمہ ہے۔ ملک میں انگریزی کے بڑھتے ہوئے رواج میں اس نوعیت کے کتابچوں کی اپنی اہمیت ہے (م - س) -

**مسلمان اور امامت کبریٰ**، صدر الدین اصلاحی۔ ناشر: تیسیر پبلی کیشنز، ۱/ ۱۹۱ غفار منزل، جامعہ نگر، نئی دہلی۔ صفحات: ۵۰۔ قیمت: درج نہیں۔

۶۱ سال قبل کی یہ تحریر امت مسلمہ کی موجودہ صورت حال میں کچھ زیادہ ہی اہم ہو جاتی ہے کہ آج بھی مسائل کی بنیادی نوعیت وہی ہے۔ حالات تبدیل تو ہوئے ہیں لیکن ۶۰، ۶۵ سال قوموں کی زندگی میں کوئی بڑی مدت نہیں۔ مولانا صدرالدین اصلاحیؒ نے اس تحریر میں اس حقیقت کی طرف توجہ دلائی ہے کہ ملت اسلامیہ اپنا کھویا ہوا بلند مقام اسی وقت حاصل کر سکتی ہے جب وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے عہد کو پورا کرنے کے لیے یکسو ہو جائے اور ان جرائم کو ترک کر دے جو اہل کتاب کی امامت سے معزولی کا سبب بنے۔ انھوں نے قرآن پاک کی روشنی میں، اہل کتاب کے جرائم کی فہرست مرتب کی ہے جس کے آئینے میں آج کی امت مسلمہ اپنی تصویر دیکھ سکتی ہے: ۱۔ ملی افتراق ۲۔ تحریف کتاب ۳۔ کتمان حق ۴۔ حب عاجلہ اور کراہیت موت ۵۔ علماے سو ۶۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے اعراض ۷۔ احکام شرعی سے بے اعتنائی ۸۔ باہمی عداوتیں ۹۔ اکل حرام ۱۰۔ موالات کفار و مشرکین ۱۱۔ تلاش حیل ۱۲۔ جہل و رائے پرستی۔ قائدین امت کا فریضہ ہے کہ وہ امراض کی صحیح تشخیص کر کے علاج کریں تا کہ امامت کبریٰ کا منصب پھر حاصل ہو سکے۔ (م - س) -

© rasailojaraid.com